# LIONS ACADEMY

Scanned by CamScanner




Scanned by CamScanner

# I.S.S.B



## Inter Services Selection Board

وہ ادارہ ہے جو پوری قوم میں سے ان محب وطن نوجوانوں کو منتخب کرنے پر قائم کیا گیا ہے جو پوری قوم کے لئے کچھ کر گزرنے اور اس وطن عزیز کا دفاع کرنے کا جذبہ اور عزم رکھتے ہیں۔ یہ ادارہ تقریباً کرپشن سے پاک ہے اور صرف ان Candidates کو منتخب کرتا ہے جو فورسز کے اہل ہوتے ہیں اور جو Candidates فورسز کے اہل ہوتے ہیں اور Profession میں ماہر ہوں تو پھر انکو فورسز میں سلیکٹ نہیں کیا جاتا۔

مگر اگر آپ کا عزم ہے اور آپ کا خواب ہے کہ اس قوم کے کام آنا ہے اس قوم کی خدمت کرنی ہے اور وطن عزیز کا عظیم محافظ بننا ہے۔ صرف اور صرف فورسز (آرمی، ایئر فورس، نیوی) کو جوائن کرتے ہوئے اپنے خواب اور منزل کی تکمیل کرنی ہے تو پھر آپ کو ISSB کے پراسس سے گزرنا ہوگا اور اس کو کلیئر کرنا ہوگا۔

میں صرف اتنا کہوں گا کہ اگر آپ کی frequency ان کی frequency کے ساتھ میچ کر گئی تو پھر آپ Recommendation Letter لے کر آؤ گے۔

Physics کے سٹوڈنٹس Photoelctric effect کو ذہن میں لائیں۔ اپنے آپ کو Falling Suitable Frequency جو کہ Metal Plate پہ fall کرتی ہے اس کو ذہن میں رکھیں، Thershold frequency (جو کہ Metal Plate کی ضروری ہوتی ہے) اس کو ISSB سمجھیں اور Photoelctron جو کہ Metal Plate سے نکلے گا۔ اسے Recommendation letter سمجھیں۔

اگر falling frequency نے میچ کیا Metal کی Thershold frequency سے تو ہی Photoelectron نکلے گا Metal Plate سے اور Photoelectric effect ہوگا۔ اسی طرح جو اگر آپ نے اپنی فریکونسی کو ISSB کی مطلوبہ فریکونسی کے ساتھ میچ کیا تو پھر ISSB سے Recomendation Letter نکلے گا جو آپ کے

لاہور ملٹری اینڈ فورسز اکیڈمی نزد گورنمنٹ ڈگری کالج نمبر 1 لنک روڈ اقبال ٹاؤن ۔۔۔ بلال محمود

Scanned by CamScanner

ہاتھ میں آئے گا۔

آپ نے اسی دم خم کے ساتھ Confidence کے ساتھ اپنے آپ کو ISSB میں جا کر پیش کرنا ہے اور باقی پھر رب کائنات پہ چھوڑ دینا ہے۔

اب آپ نے ISSB جانا ہے پھر کیسا اور کیا Setup ہوتا ہے اور پھر کیسے کیسے Tests سے آپ نے گزر کر جانا ہے اور پھر سب سے ہٹ کر سب سے بڑھ کر آپ نے اپنی فریکوئنسی کو کیسے ان کی فریکوئنسی کے ساتھ ملانا ہے اس کی مکمل تفصیل میں نے کوشش کی ہے کہ ان نوٹس میں آپ کو مہیا کر سکوں تا کہ آپ کا خواب پورا ہو۔۔۔ اس ملک کو تم جیسے ہیروز چاہئیں۔۔۔ اس قوم کو سچے اور کھرے اور ایمانت دار دیانت دار محافظ چاہئیں اور پھر میری روح کو تسکین ملے کہ جو خواب میرے ہاتھوں پورا نہ ہو سکا وہ میرے محب وطن بھائیوں کے ہاتھوں پورا ہو رہا ہے۔

اگر آپ نے ان الفاظ کو صحیح معنوں میں ذہن نشین کیا اور پھر صحیح معنوں میں عمل کیا تو پھر انشاءاللہ میں خدا کی ذات پہ مکمل بھروسہ کرتے ہوئے دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آپ Recommendation Letter اپنے ہاتھوں میں لے کر آؤ گے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**Love Pakistan or Leave Pakistan**

**Proude to be islamic Fundamentalis**

## First Day

# 3

## ISSB کے لئے روانگی

☆ اپنے گھر سے مکمل تیاری کرنے کے بعد روانگی کرنی ہے کہ کوئی ایسی خاص چیز نہ رہ جائے جو ساری راہ پچھتاوے کا باعث بنے۔

☆ گھر سے نکلنے کی دعا پڑھ کر والدین کے قدموں میں گر کر ان سے اپنی غلطی کوتاہیوں کی معافی مانگ کر اور پورے گھر سے دعاؤں کی درخواست کر کے گھر سے نکلنا ہے۔ (خصوصاً والدین اور بہنوں سے)

☆ اللہ سے دعا کرنی ہے کہ جس مقصد کے لئے جا رہا ہوں اس میں مجھے استقامت عطا کر اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اس میں کامیاب کر۔

☆ ISSB سنٹر میں داخل ہونے سے پہلے یہ عزم اور دعا مانگ کے داخل ہو کہ اے سارے جہانوں کے مالک میرے گناہوں کو معاف کر اور ان پہ پردہ ڈال اور مجھے یہاں اور اس کے بعد کی زندگی میں ہمیشہ اور ہر میدان میں محمد ﷺ کا سچا امتی اچھا اور سچا پاکستانی، عظیم لیڈر، بہادر و نڈر مجاہد جذبے سے سرشار محب وطن ایماندار و دیانت دار تقویٰ رکھنے والا اچھا ساتھی اچھا شاگرد اور اچھے والدین کا اچھا بیٹا اور اچھے بہن بھائیوں کا ساتھی اچھا ساتھی، بھائی / بہن ثابت کر اور بنا۔

☆ چہرے پہ مسکراہٹ ڈال کے داخل ہونا ہے اور یہ یقین رکھنا ہے کہ اللہ مجھے یہاں سے کامیاب و کامران لوٹائے گا۔

☆ داخل ہوتے ہی سنجیدگی اور اچھے اخلاق کا دامن پکڑ لینا ہے۔

## You must be confident

☆ اپنی اور اپنے سامان کی چیکنگ دینے کے بعد اندر داخل ہو جائیں اور پھر آپ کو ایک شخص کمرہ دکھانے کے لئے ساتھ لے جائے گا۔ (یہاں پہ آپ سے موبائل کسی خاص نشانی کے بعد لے لیا جائے گا)

☆ اپنا سامان اٹھائیے اور اس کے پیچھے چل کر اپنے مطلوبہ کمرے میں چلے جائیے۔

☆ سامان رکھ کر Setting وغیرہ کر کے اپنے آپ کو Fresh اور خوش باش کر لیجئے۔ تا کہ آپ چیسٹ نمبروں میں ایئر لگو اور پھر آپ کی اسی حلیے میں تکلفات کے بعد تصویر لی جائے گی۔ جو چیسٹ نمبر ان کے پاس جائے گی۔

☆ اس کے بعد آپ کو ہال میں بلایا جائے گا اور آپ کے Original Documents آپ سے لے لئے جائیں گے۔

☆ پھر آپ کو وزن اور Height لینے کے لئے بھیج دیا جائے گا۔ اور اپنا یہ وزن اور Height آپ کو یاد رکھنی پڑے گی، کیونکہ یہ آپ سے Bio Data Form میں پوچھی جائے گی۔

لاہوتی سٹیشنری اینڈ فوٹو اسٹیٹ نزد گرلز اینڈ بوائز ڈگری کالج نمبر 1 اٹک روڈ واہ کینٹ ---- بلال محمود خوش

Scanned by CamScanner

☆ آخر میں آپ کی ایک تصویر لی جائے گی۔

☆ اسی موقع پر آپ سے Call Letter اور Book let (اگر Book Let آپ کو کال لیٹر کے ساتھ بھیجی گئی ہو) واپس لے لی جائیں گی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## تصویر

☆ اس موقع پر جو تصویر لی جاتی ہے بہت ہی اہمیت کی حامل ہوتی ہے کیونکہ یہی تصویر ہمارے سلیکٹرز کے پاس جاتی ہے۔ ہماری ان سے ملاقات سے پہلے۔

☆ بالکل صاف ستھرا، کنگھی کی ہوئی داڑھی اور رنگ، چہرے پہ مسکراہٹ اور ایسے خوش پوش لگو کہ وہ تمہاری تصویر دیکھتے ہی impress ہو جائیں۔ Beacuse first impression is a last impression.

☆ اس کے بعد Bio Data Form Filling کے لئے "جو ہر ہال" بھیج دیا جائے گا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Bio Data Forms Filling

☆ میں یہ 100% یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ 70% to 60% انٹرویو Bio Data Form سے یا اس سے related ہوتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ جہاں تو ہم اور اس force کا مستقبل ہو۔ آپ کی سلیکشن میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ Bio Data Form کو خوبصورت اور دلکش کر کے لکھا جائے اور سوچ سمجھ کر fill کیا جائے تا کہ آپ پھر اس انٹرویو میں آسانی سے جواب دے سکو۔

☆ Bio Data Form میں جو کچھ بھی لکھو پھر اسے اچھی طرح سے ذہن نشین کر لو۔

کیونکہ پھر انٹرویو میں تھوڑے سے الفاظ ادھر ادھر کر کے یا پھر ایک چھوٹی سی کہانی بنا کر آپ سے وہی سوال پوچھا جائے گا۔

پیشہ ہو یا پھر ایک جیسے سوال کا Bio Data Form میں جواب "گندم" ہو اور انٹرویو میں "جو"

☆ اگر سچ لکھو گے اور سچ بولو گے تو خوش و خرم اور کامیاب رہو گے۔

☆ آپ کو ایک مزے کی بات بتاؤں آپ سے ایک نہیں تین Bio Data Form پُر کروائے جائیں گے پہلا وہ خود fill کروائیں گے اور دوسرا خود کرنا پڑے گا جبکہ وقت کم اور پھر تیسرے کے لئے انتہائی مختصر سا ٹائم دیا جائے گا۔



Scanned by CamScanner

ذرا سوچئے کیوں؟؟؟ ــــــــ (ذہن پر زور دیں)

ویسے تو ایک ایک فارم آپ کے تینوں سلیکٹرز کے پاس جائیں ہی گے مگر ـــ

اگر پہلے Bio Data Form میں آپ نے اگر کچھ جھوٹ وغیرہ لکھ دیا تو پھر آپ جانتے ہو کہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔ اس لئے جھوٹ کی دوڑ بھی تھوڑی ہوتی ہے۔ مطلب آپ جلد بازی میں دوسرا Bio Data Form پُر کرتے ہوئے وہ جھوٹ بولنا لکھنا بھول جائیں گے اور تیزی میں سچ جو آپ کے دماغ میں نقش ہو گا وہ لکھ دیں۔ اگر دوسرے میں سے آپ نکل گئے تو پھر تیسرا فارم مکمل کرنے میں انتہائی مختصر وقت دیا جائے گا۔ تو پھر دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

اس طرح سے جھوٹ بھی پکڑا جائے گا اور اصلیت بھی سامنے آ جائے گی۔

☆ اس لئے سوچ سمجھ کر کام کرنا بہتر ہے وہ کام آپ سے آرام سے آہستہ سے کروایا جائے یا پھر تیزی سے۔ بس آپ میں خود اعتمادی ہونی چاہیے۔

☆ میں کیسے بتاؤں آپ کو کیسے سمجھاؤں اور کیسے یقین دلاؤں آپ کو کہ آپ کی سلیکشن ISSB Board کے ہاتھ میں نہیں۔ بلکہ خدا اور پھر آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ آپ کو وہ سب دیا جائے گا جیسا کہ آپ نے اپنے آپ کو پیش کرنا ہے۔ اس لئے اچھا لکھو، اچھا سوچو اور پھر اچھا کر کے دکھاؤ اور اچھا بولو ـــ یہی آپ کو بہترین کامیابی کی طرف لے کر جائے گا۔

☆ اہم ترین بات:

12 اچھی خوبیاں لکھو گے جو کہ آپ کو 5 گھنٹے پڑتی ہیں اور جو آپ نفسیاتی ٹیسٹ یعنی Word association Test میں لکھو گے پھر انہیں G.T.O ٹاسکس میں اور انٹرویو میں Prove بھی کرو۔

☆ خامیاں ایسے لکھنی ہیں کہ خامیوں میں بھی خوبی کی جھلک نظر آئے۔

☆ اچھا سوچو اور اچھا لکھو۔

☆ کھری بات لکھو اور جھوٹ مت لکھو۔

☆ کامیابی آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔

نوٹ: آپ سے ایک Event بھی لکھوایا جائے گا جو کہ وہ آپ کو دیں گے اور کچھ Events جو آئے ہیں وہ آپ کو ان نوٹس میں Provide کر دیئے جائیں گے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆



Scanned by CamScanner

## 2nd Day

## Personality Assistment / Innerly Personality Test

۱۔ جملے مکمل کرنا: (بیٹھے پر سکون اور مطمئن رہنے کی کوشش کریں)

☆ جملے کا پہلا آدھا حصہ لکھا ہوگا جبکہ دوسرا آدھا حصہ ہم نے مکمل کرنا ہوگا۔

مثال کے طور پر: وہ جب اماں سے ملتا ہے تو اپنے سے زیادہ اماں کو دیکھ کر خوش ہو جاتا ہے۔ E.g

☆ یہ ٹیسٹ میں 26 فقرے مکمل کرنے ہوں گے۔

☆ اس کے ٹیسٹ ہوتے ہیں اردو میں اور انگلش میں۔

☆ یہ 26 فقرے نہیں ہوتے بلکہ شخصیت کے پہلو ہوتے ہیں۔

☆ اپنی Writing Speed کو اچھا اور خوبصورت رکھنا ہے۔

**Don't run away from the facts.**

**Be Straight forward & show encourage & braveness.**

**Your selection is not dependent upon just one sentence.**

☆ اپنی ذات کی بات کم کرو۔

☆ فقرے کے بعد اپنے جملے Negative ہوتا ہے بلکہ Negative فقرے کو تھوڑا Sence تبدیل کرو۔

E.g وہ ایماندار ہے۔ مگر کبھی کبھی چوری کر لیتا ہے۔۔۔

آپ کو اس ٹیسٹ کی آگاہی کے بارے میں اس ٹیسٹ کے کچھ ٹپس چھوڑ رہا ہوں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆



Scanned by CamScanner

## V.V important in your selection process.

## Words Association

### Don't take any type of fear.

- ☆ اس Test میں الفاظ کے جملے بنانے ہوں گے۔
- ☆ آپ کے سامنے موجود ایک سکرین پر ایک لفظ صرف 10 سیکنڈ کے لئے آئے گا۔
- ☆ 10 سیکنڈ میں اس لفظ کو دیکھنا اس پہ جملہ سوچنا اور پھر اس جملے کو لکھنا ہوگا۔
- ☆ جس لفظ کو سمجھ نہیں آتا اسے صرف نمبر دے کر لکھ کر آگے چلے جائے۔ کیونکہ ٹوٹل 100 الفاظ ہوں گے۔
- ☆ ٹائم ضائع کرنے کے لئے وہ کچھ مشکل الفاظ دیتے ہیں۔ ان کو نمبر دو لکھو اور آگے چلے جاؤ۔
- ☆ نمبرنگ کا تسلسل نہیں بھولنا اور ترتیب وار لکھتے ہیں۔
- ☆ اپنی Writing Speed کو اچھا اور خوبصورت رکھنا ہے۔

**Don't run away from the facts**

**Be straight forward, show your are brave, encouraged & countary lover.**

**Search good things in bad things E.g Snake....**

**Snake has shining skin.**

**Snake runs fast.**

جتنے بھی words آ سکتے ہیں وہ تمام کے تمام میں provide کر رہا ہوں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆



Scanned by CamScanner

## Picture Story

☆ آپ کے سامنے موجود ایک سکرین پر تصویر کا ایک خاکہ آئے گا۔ آپ نے اس کے بارے میں لکھنا ہے۔

☆ ہر کہانی کا ٹائم 3.5 منٹ ہوگا۔

☆ اس کا مقصد یہ ہے کہ آپ کسی چیز کو کس انداز سے سوچتے ہو اور آپ کا مشاہدہ کس قسم کا ہے۔
آپ تصویر کے پہلو کو کس طرح دیکھتے ہو اور لکھتے ہو۔

☆ اس سے آپ کی شخصیت ظاہر ہوتی ہے کہ آپ کس قسم کے بندے ہو اور کیسے سوچتے ہو اور آپ کے جذبات کیسے ہیں۔
آپ لکھ کسی اور کے بارے میں ہوتے ہو مگر ظاہر خود کو کر رہے ہوتے ہو۔

☆ اس لیے اچھا سوچو اور اچھا لکھو۔

بہادری ثابت کرو، اچھے جذبات والا، اچھا بیٹا، اچھا مسلمان، اچھا پاکستانی اور عظیم لیڈر ثابت کرو۔

آپ کی آسانی کے لئے میں Picture story کے کچھ خاکے دے رہا ہوں تاکہ اب آپ کو اس قسم کے خاکے دیکھتے ہوئے کوئی پریشانی نہ ہو۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Pointer Story

☆ ایک کہانی کے کچھ آغاز کے الفاظ لکھے ہوں گے۔ اس کہانی کو مکمل کرنا ہوگا۔

☆ اچھا لکھو اور تیز لکھو۔

☆ وہ پوری کہانی لکھ کر آپ اپنی شخصیت دکھا رہے ہوتے ہو۔

☆ کہانی جذبے سے سرشار ہو Fear of Failur یا Fear of Death کا کوئی بھی پہلو دور تک بھی نہ ہو۔

دیکھیے جب آپ کے دل میں کہیں سے خوف کی جھلک نظر آئی تو مطلب یہ ہوا کہ آپ ایک بزدل شخصیت کے مالک ہو تو پھر خود اپنے ضمیر سے انصاف کروا لیجئے کہ کیا ایک بزدل شخص کیسے اس ملک کی حفاظت کرے گا۔ کیسے اس وردی کو اور کرسی پر بیٹھ کر ان ماتحتوں کے کام آئے گا اور کیسے اپنی قوم کا سہارا بنے گا۔

میں آپ کو اس ٹیسٹ (Pointer Story) کا مقصد اور اہمیت کی ایک مثال دیتا ہوں تاکہ اس کا اصل مدعا آپ کے

لاثانی سٹیشنری اینڈ فوٹو اسٹیٹ نزد گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نمبر 1 اٹک روڈ حسن ابدال ۔۔۔ بلال محمود

Scanned by CamScanner

سامنے آ جائے۔

"انٹرنیٹ" اتنی زبردست ایجاد ثابت ہوئی ہے کہ اب لوگ گھر بیٹھے دنیا کی اہم ترین معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ جو عام حالات میں حاصل کرنا ناممکن ہے۔

انٹرنیٹ علم کی دنیا کا ایک سمندر ہے اور Current Affairs کا بھرپور خزانہ مگر جس شخص نے اسے برے انداز میں استعمال کیا ہوا تو اس نے اس کی برائیاں شروع کر دی ہیں۔ مختصراً آپ اس چیز (انٹرنیٹ) کو برا ثابت کرنے کی اور پھر خود کو ایک اچھا اور شریف انسان ظاہر کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہوں گے اس لئے یہ آپ پر ہے آپ اس کہانی کے آغاز کو کتنی اچھی سائیڈ لے کے جاتے ہو۔ آپ کی آسانی کے لئے میں Pointer Story کے پیچھے کے دوسرے دو پہلو بتا رہا ہوں تا کہ وہاں آپ کو ان کو دیکھتے ہوئے کوئی پریشانی نہ ہو۔

☆ ایک Candidate کے تین سلیکٹرز ہوتے ہیں۔ تا کہ اچھی طرح Candidate کو پرکھا جا سکے۔

1۔ نفسیاتی ماہر (Psychologist)

2۔ G.T.O (Group Testing Officer) آپ سے تمام ٹاسک کروائے گا۔

Group Discussion & Planning ......... Including

3۔ انٹرویو (ڈپٹی پریذیڈنٹ)

آپ کا صرف اور صرف انٹرویو لے گا۔

☆ Personality Tests نفسیاتی ماہرین کے پاس جائیں گے۔

جہاں تمام ٹیسٹوں کی مدد سے آپ کا اندر جاننے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

☆ آپ کے اپنے لکھے ہوئے کے ذریعے وہ آپ کی شخصیت کے بارے میں نتیجہ نکالیں گے۔

☆ اس لئے کامیابی آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے۔

☆ اچھا لکھنے کے لئے مندرجہ ذیل Tips کا خصوصی خیال رکھو۔

ان تمام ٹیسٹ کو جانا ہے



Scanned by CamScanner

دو Indoor ہیں جن میں



☆Bio Data Form

☆Personality Test

☆Words Association Test

☆Pointor Story & Pic Story

باہر Outdoor ہیں

☆Group Discussion

\Documents and Settings\...\Desktop\Graphic222.jpg not found

☆Group Planning

☆Prograssive Tasks

☆Sami Group Tasks

☆Commanding Tasks

☆Full Group Tasks

کی مکمل تفصیلات ایک Hall کے اندر Big Screen پر ISSB President بھی آپ کو بڑے پیار سے سمجھائے گا

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

# 3rd Day

## GTO Tasks

☆ صبح ہال میں آ کر ہر GTO کے 09 (نو) Candidates لے کر جائے گا اور یہ آپ کا آخر تک Group رہے گا۔ اس لئے ان سے پہلی ہی ملاقات میں اچھے اخلاق سے ان کو Impress کریں۔ Beacuse first impression is a last impression.

☆ آپ کو ایک کمرے میں لے جائے گا اور Tasks کا سلسلہ شروع کروائیں گے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Group Discussion

☆ ایک انگلش میں اور ایک اردو میں Discussion کے لئے Topic دیا جاتا ہے۔ (پہلے اردو کا دیا جاتا ہے)

☆You must be confident.

☆You must be Polite but brave.

☆ Topic کا بسم اللہ سے شروع کریں۔

☆ سوچ سمجھ کے خوبصورت طریقے سے جذبے سے بھری اور بارعب آواز میں بولیں۔ بہادری اور Planning نظر آئے۔

☆ اچھا اخلاق دوسروں کے لئے اچھی سوچ اور بہادر، چاق و چوبند، ہوشیاری، شائستگی اور کم الفاظ میں بولنا۔

میں سمجھتا ہوں اور شاید یہ میرا عقیدہ بھی ہے کہ جو فرد یہ چاہتا ہے وہ کسی بھی کیفیت سے کیوں نہ ہو۔ جب وہ دوسروں کے لئے اچھا سوچتا ہے دوسروں کے کام آتا ہے اس کے دل میں تمام بنی نوع انسان کے لئے اچھے اور فراخدلی کے جذبات ہیں تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ وہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ میرے خیال میں ISSB ایک چھوٹا سا امتحان ہے وہ کسی بڑے امتحان میں بھی سرخرو ہو گا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Group Planning

آپ کو ایک خاکہ دیا جائے گا اور پھر اس خاکے کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کو ایک Task دیا جائے گا جو کہ آپ پورے گروپ نے حل کرنا ہو گا۔

☆ آپ کو مکمل ہدایت دی جائیں گی کہ آپ نے کیا کیا کرنا ہے اور آپ کے لئے کیا کیا Boundness ہے۔

لاہوتی ملٹری اینڈ فوٹو سٹیٹ سنٹر گرلز ہائی سکول گلی نمبر 1 ... بلال محمود

Scanned by CamScanner

☆ ان ہدایات کو مکمل طور پر غور سے سنا ہے اور پھر انہیں ٹھیک طریقے سے ذہن میں بٹھا دینا ہے تاکہ آپ کو GTO سے دوبارہ پوچھنے کی زحمت نہ ہو۔ اس سے آپ کو فائدہ ہوگا تاکہ مکمل ٹاسک میں کوئی پریشانی نہیں آئے گی۔

☆ اگر ایک بات سب کو بھول جاتی ہے مگر آپ نے GTO کی باتیں غور سے سنی تھیں۔ جب سب ایک دوسرے کے منہ کی طرف دیکھیں گے۔۔۔ کہ یہ چیز کیسے تھا۔ تو اگر آپ بتا دیتے ہو تو پھر خود ہی GTO پر آپ کا کتنا اچھا Impression پڑے گا۔

☆ سب کے ساتھ مل کر کام کرنا ہے اپنی الگ سے اپنا الگ دنیا بنا کر کام نہیں کرنا۔

☆ اس ٹاسک میں جو چیز چیک کی جاتی ہے کہ آپ سب کے ساتھ مل کر کسی کام کو کیسے Plan کرتے ہو اور آگے بڑھتے ہو۔

☆ کمانڈر کی نشانی ہے کہ وہ سب کو ساتھ لے کر چلتا ہے۔ وہ اپنی اکیلے Calculation نہیں کرتا سب کو ساتھ ملاتا ہے۔

☆ یہاں پر آپ تین چیزیں چیک کی جائیں گی میرے خیال میں۔

1۔ آپ کتنے ذہین ہو۔

2۔ آپ میں Planning ability کتنی ہے۔

3۔ آپ سب کے ساتھ مل کر کیسے کام کرتے ہو۔

ٹاسک کے دوران GTO کی طرف بالکل نہیں دیکھنا جب تک وہ خود توجہ نہ کرے اور اپنا کام جاری رکھنا ہے۔

پورے Batch (تقریباً 150 Candidates) میں سے مشکل دو چار کا Planning Task مکمل ہوتا ہے اس لئے پریشان نہیں ہونا اور نہ ہی Confuse کسی بھی موقع پر۔

آپ کی طرف اور صرف وہ خصوصیات دیکھی جا رہی ہوتی ہیں جو میں بتا چکا ہوں۔

☆ Active ہو کر کام کریں۔ بہتر ہے کہ عقل کی اور سمجھداری کی باتیں کریں اور کام میں اپنی بھرپور دلچسپی ظاہر کریں۔

☆ اس کے بعد آپ کو ISSB Required Uniform جو کہ ISSB Form پر لکھا ہوتا ہے۔ وہ پہن کر GTO کو مقرر کردہ جگہ پر پہنچنا ہوگا۔ جو کہ آپ کو GTO بتائے گا۔

آپ کو ISSB کا required یونیفارم پہن کر ایک گراؤنڈ میں لے جایا جائے گا۔ جہاں پر ایک کھلا میدان ہوگا۔ مختلف Tasks کی جگہیں بنی ہوں گی اور مختلف قسم کا ساز و سامان ہوگا جو آپ نے اس کے بعد آپ کو مندرجہ ذیل Tasks پر کام کرنا ہوں گے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆



Scanned by CamScanner

## Semi Group Task

آپ کا جو گروپ ہو گا جو کہ 9 Candidates پر مشتمل ہو گا اسے تین حصوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ یعنی ہر 3 Candidates کو الگ الگ کام دیا جائے گا۔ اور پھر GTO خود پاس بیٹھ کر qualities دیکھیں گے۔ کم Candidates ہونے کی وجہ سے وہ سب کو آسانی سے پرکھ سکیں گے۔

## Progressive Group Tasks

اس میں آپ کا مکمل گروپ (09 candidate) مل کر کام کریں گے۔ تقریباً تین ٹاسک دیے جاتے ہیں یہاں۔

## Commanding Task

آپ کو کمانڈر بنا دیا جائے گا اور آپ کو چند ماتحت دے کر کوئی ٹاسک دیا جائے گا۔ جسے آپ کو لیڈ کرتے ہوئے مکمل کروانا ہوتا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Full Group Task

اس میں بھی آپ کا پورا گروپ مل کر کام کرے گا۔

فرق اس میں یہ ہے کہ اس میں آپ کو English میں بولنا ہو گا۔ مطلب اس ٹاسک میں آپ دوران ٹاسک ایک دوسرے سے English میں بول چال کرتی ہو گی۔

☆ یہ تمام چاروں ٹاسک Basically ایک جیسی نوعیت کے ہوتے ہیں فرق صرف یہ کہ کبھی کبھار آپ کی ذمہ داریاں اور ٹاسک میں آپ کی جگہ حیثیت کا فرق ہوتا ہے۔

☆ ان تمام ٹاسکوں میں سب سے پہلے GTO آپ کو مطلوبہ ٹاسک پر فارم کرنے والی جگہ لے کر جائے گا اور آپ کو مکمل اس ٹاسک کے بارے میں بتائے گا۔ آپ کو آپ کا مشن بتائے گا کہ آپ نے کیا کرنا ہے۔ پھر آپ کو fouls بتائے گا اور پھر وقت جس کے اندر آپ نے وہ کام ختم کرنا ہو گا۔

آپ کے لیے ضروری ہدایات۔

ان تمام ٹاسکوں کی آپ کی سلیکشن میں بہت اہمیت ہے۔

☆ اس لیے جب GTO ٹاسک کے بارے میں Brief کر رہے ہوں تو صحیح معنوں میں غور سے ایک ایک بات سنی ہے اور ذہن نشین



Scanned by CamScanner

کرتی ہے۔

☆ ٹاسک شروع ہونے سے پہلے غور سے دیکھتا ہے کہ کون کون سا سامان کہاں کہاں رکھا ہے اور پھر ٹاسک ختم ہونے کے فوراً بعد اسے ساتھیوں کو بلا کر اپنی اپنی جگہ پر رکھتا ہے۔ جب آپ GTO کو بہت ہی اچھا impression دیں گے۔

☆ کسی پر غصہ نہیں کرنا۔ جرأت مندی دکھائی ہے مگر جذبات کنٹرول کر کے۔

☆ کوشش کرتی ہے بڑھ کر آگے جا کے محنت و لگن کے ساتھ کام کرتا ہے۔

☆ اپنے سے بہتر دوسروں کے لئے سوچتا ہے۔ یہ سوچو یہ سب میرے ہم وطن سلیکٹ ہو جائیں میری خیر ہے مگر کام سب سے اچھا اور آگے کرو۔

☆ سب سے محبت سے پیش آؤ۔ اچھا اخلاق سب کے ساتھ رکھو۔ کوئی اچھا ہو یا برا آپ یہاں صرف سلیکٹ ہونے جاؤ گے سو اپنے کام سے کام رکھو۔

☆ Under Comanding بھی اچھے سے اچھا کام کرو۔ سب کے لئے بھلائی سوچو۔ سب کی خدمت کرو۔ سب کے ساتھ مدد کرو اور سخت محنت کرو اور اچھے اخلاق اور اچھے کام سے دوسروں کو اپنا گرویدہ بنا لو۔

جب دوسروں کے کام آؤ گے اور ان کے لئے اچھا کرو گے تو حقیقی دلی سکون ملے گا۔

☆ تاثرات مایوسی، پریشانی یا تھکن کے نہ ہوں بلکہ چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ ہو۔

☆ سنجیدگی اور خاموشی، مطلب میں سمجھتا ہوں کہ ضرورت کے وقت بولنا اور مشورہ دینا ہی دانشمندی اور اعلیٰ ظرفی ہے۔

☆ ایسے ہی فضول مشورے دینے سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔

☆ ہر سٹیج GTO کے brief کرنے کے فوراً بعد اس Task کا فوری plane سوچیں کہ کیسے کیسے اور کیا کیا چیزیں کہاں کہاں استعمال کرتے ہوئے ہم نے اس ٹاسک کو کرنا ہے اور پھر فوراً سب کو وہ منصوبہ کام شروع کرنے سے پہلے بتا دیں آپ کا یہ کام کرنا GTO کو Impress کرے گا کہ میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔

☆ کوشش کرتی ہے دوران ٹاسک ایک Valid type کا مشورہ جو اچھا ہو اگر دماغ میں آئے تو فوراً بتاتا ہے۔

☆ دوران کام GTO کی طرف بالکل بھی نہیں دیکھنا بلکہ صرف اور صرف ساری توجہ لگن و محنت اپنے ٹاسک پر رکھنی ہے۔ اگر آپ GTO کی طرف بار بار دیکھو گے تو اس کا مطلب ہوگا کہ آپ GTO کو دکھا کر یہ کام کر رہے ہو۔

☆ اپنے کام میں مگن ہو عقلمندی محنت، سب کو ساتھ ملا کر چلنا ہے اور بہادری کے ساتھ اور کانفیڈنس صلاحیتوں کو ثابت کرتے ہوئے



Scanned by CamScanner

میں شامل ہوتا ہے جو کہ Progressive کے علاوہ Individual Obstaller اور Commanding Task اور Full Task اور آخری انٹرویو۔

## کمانڈنگ ٹاسک:

آپ کے پورے گروپ کے ہر Candidate کو باری باری کمانڈر بنایا جائے گا۔ ہر ایک کو اپنے اپنے نمبر پر کمانڈر بنایا جائے گا اور پھر کمانڈر کو ایک ٹاسک دیا جائے گا۔ جو اس نے ماتحتوں کو لے کر مکمل کرنا ہے۔ اس ٹاسک کا آغاز GTO پہلے لیا ہوگا۔

پورا گروپ کھڑا ہوگا اور پہلے نمبر (According to chest No.) والے Candidate کو بلائے گا GTO اور گپ شپ شروع کرے گا۔ اب میرے محترم دوست ہوشیار ہو جائیں۔۔۔۔ اس بات کو ذہن نشین کر لو کہ جہاں پر وہ آپ کو ٹاسک دکھانے کے لئے لے جا رہا ہوگا۔ جو کہ آپ نے ان Candidates سے پورا کر کے مکمل کروانا ہے جو آپ کے under candidate کام کریں گے۔ مگر وہ آپ سے راستے میں گپ شپ کر رہا ہوتا ہے۔ یاد رکھیے وہ گپ شپ نہیں ہوتی وہ ایک چھوٹا سا انٹرویو لے رہا ہوتا ہے اور GTO کا کام اور مشن ہوتا ہے کہ آپ کو ایسے لگے گا کہ وہ آپ کا دوست ہے اور آپ اس کی باتوں میں آ کے سب کچھ بول جاؤ گے جو آپ نے Bio Data form، Personal Test اور Word Association میں لکھ کر آئے ہوتا ہے اور اس طرح آپ کی اصلیت سامنے آ جاتی ہے۔ اس لئے ذہن کو حاضر رکھنا ہے اور سمجھداری کے ساتھ کرنا ہے اور پھر وہ کچھ کڑوی باتیں بھی کر سکتا ہے اور Sexual question بھی پوچھ سکتا ہے۔ بالکل آپ کا دوست بن کر ہوشیاری دکھانی ہے وہاں۔

مختصراً آپ کو کچھ خصوصی Tips دے رہا ہوں اور یقیناً مدد دیں گی۔

1۔ اس نے آپ کو جو کچھ بھی کہا یا پوچھا confuse کرنے کے لئے اس کو دماغ سے نکال کر باہر پھینک دینا ہے اور جب وہ آپ کو ٹاسک کے پاس لے جا کر آپ کو آپ کے ٹاسک کے بارے میں brief کرے گا اس کو مکمل دھیان سے سننا ہے۔

2۔ پہلی باری غور سے سننا ہے تا کہ آپ کو اس سے دوبارہ نہ پوچھنا پڑے۔ اس طرح اس کی Briefing سے آپ کو مکمل سمجھ آ جائے گی۔ کہ آپ نے کیا کیا کرنا ہے اور آپ کے لئے کیا fouls ہیں اور آپ کیا not fouls اور اسی طرح آپ کہاں کہاں سامان رکھ سکتے ہیں۔

3۔ مکمل briefing کے بعد پھر وہ آپ سے پوچھے گا کہ " کوئی شک یا سوال " اگر آپ کچھ پوچھنا چاہو جس سے آپ کی



Scanned by CamScanner

clearness نہ ہو تو کوئی briefing کے دوران تو پھر آپ اس سے پوچھ سکتے ہیں ورنہ کہہ دیں No Sir Thanks۔

پھر وہ آپ سے کہے گا کہ آپ کے پاس ایک منٹ ہے تا کہ plane سوچ کر اپنے chest fellow کو بلا لو تو آپ نے فوراً plane سوچنا ہے کہ کیسے آپ نے ٹاسک کو کرنا ہے پھر فوراً بلند آواز میں اپنے Chest fellow کو بلا لینا ہے۔

"Chest Fellows....Come Here"

☆ اب یہاں چند باتیں اچھی طرح ذہن نشین کر لیں۔

1۔ جب وہ آپ کو آپ کے گروپ سے بلا کر آپ کے ٹاسک کی طرف لے کر جائے گا تو گپ شپ کرتا جائے گا۔ جیسا کہ پہلے بتا دیا اور آپ کو ادھر ادھر پھیر کر لے جائے گا۔۔۔۔ اب آپ سب کچھ بھول کر GTO کی باتوں میں آتے ہوئے یہ بھی بھول جاؤ گے کہ آپ کا باقی گروپ کدھر کھڑا ہے اور پھر بلانے سے پہلے آپ ایک بھولے کے شکاری کی طرح اپنے گروپ کو ڈھونڈنے لگ جاؤ گے۔

میرے بھائی GTO کی باتوں میں ذرا کم آنا ہے اور گروپ کی جگہ بھی ذہن میں رکھنی ہے۔

2۔ Plane سوچ لینے کے بعد آپ نے GTO کو کہنا کہ Sir میں نے Plane سوچ لیا ہے جناب میں کیا گروپ کو بلا سکتا ہوں۔

کیونکہ اس نے آپ کو پہلے ہی بتا دیا ہے کہ ایک منٹ میں plane سوچو اور گروپ کو بلا کر ٹاسک شروع کرو اس لئے plane سوچ کر سیدھا fellows کو بلانا ہے۔

☆ جب Candidate آپ کے ساتھ کام کریں گے ان کو سامان کے پاس ایک سیدھی لائن میں کھڑا کرنا ہے اور اسی طرح brief کرنا ہے جیسے کہ GTO نے کیا تھا تا کہ impression پڑے GTO پہ اور پھر ساتھ میں وہ Plane بتانا ہے جو آپ نے ایک منٹ میں سوچا تھا۔

مثال کے طور پر ایسے کہنا ہے۔

Chest fellows ترتیب وار ایک لائن میں سیدھے کھڑے ہو جائیں۔

بسم اللہ۔۔۔۔Chest Fellows ہمیں یہ ٹاسک ملا ہے ہم نے اس سامان کو وہاں (GTO بتائے گا جہاں لے کر جانا ہے) لے کر جانا ہے اور یہ ہمارے fouls ہیں اور یہ جگہیں ہمارے لئے bound نہیں ہیں۔ (اب آپ نے plane بتانا ہے) Chest fellows میرا یہ plane ہے۔ (پھر آخر میں پوچھو کوئی شک یا سوال) جیسے GTO نے پوچھا تھا۔ یہ آپ کا اچھا impression دے گا۔

پھر یہ کہتے ہوئے کہ ٹاسک کے دوران آپ مجھے اچھا مشورہ بھی دے سکتے ہیں کام شروع کر دیتا۔

☆ سب سے آگے جائیں اور پھر fellows کو سامان کے ساتھ ساتھ لے کر چلیں اور پھر خود سب سے آخر میں سب کو نکال کر نکلیں۔

☆ سامان کی initial جگہ یاد رکھی ہے تاکہ ٹاسک ختم ہونے کے بعد آپ ویسے ہی اسی جگہ رکھ دیں۔

☆ کسی پر غصہ نہیں کرنا۔

☆ یہ نہیں کہ آپ کمانڈر ہو اور خود کوئی کام نہ کرو۔ بلکہ خود بھی کرنا ہے اور زبردست طریقے سے عقلمندی سے۔

☆ کوئی مشورہ دے تو غور سے سننا ہے اور اچھا ہو تو عمل کرنا ہے اور اگر کوئی غلط مشورہ دے رہا ہے تو اسے یہ نہیں کہنا کہ آپ غلط ہو بلکہ آپ ایسا کہو کہ chest fellow اگر ہم ایسا کریں گے تو آپ کے مشورے سے زیادہ بہتر رہے گا۔

☆ نڈر ہو کر بہادری سے کام کرنا ہے۔

☆ زیادہ شور نہیں کرنا بلکہ آپ کی آواز بارعب ہو اور اونچی ہو اور جذبے سے بھرپور ہو۔

☆ اپنے کام محنت کے ساتھ لگن کے ساتھ اور دماغ کو حاضر رکھتے ہوئے کرنا ہے اور کوشش کرنی ہے مقررہ وقت میں ٹاسک مکمل ہو جائے۔

☆ Task کی مکمل briefing سے لے کر آخر تک آپ کی آواز میں clearness ہو۔ جذبہ ہو اور آپ ایک بہادر اور نڈر افسر لگو۔

کسی candidate کی کسی بھی بات پر غصہ یا confuse نہیں ہونا بلکہ تحمل اور زبردست انداز سے Handle کرنا ہے۔

☆ کام کرتے ہوئے GTO کی طرف نہیں دیکھنا۔

یہ ٹاسک اگر آپ کا اچھا ہوا تو آپ کی کامیابی کے بہت امکانات ہو جائیں گے۔

میرا یہ ٹاسک بہت بہترین ہوا تھا۔ اس کا ثبوت تمام candidates نے میرے ساتھ کیا تھا اور پھر GTO (جو کہ ہمارے گروپ کے لئے دو تھے) نے بھی ایک دوسرے کی طرف جو اشارے ایسے کیے تھے جو ظاہر کر رہے تھے کہ اس لڑکے نے بہت اچھا ٹاسک کیا ہے۔

صرف اور صرف اس وجہ سے کہ میں نے دماغ حاضر رکھتے ہوئے plane کے مطابق، بہادری کے ساتھ سب سے آگے جاتے ہوئے سب کو پھر ساتھ لے کر چلتے ہوئے جذبہ دیتے ہوئے میں نے کام کیا تھا۔



Scanned by CamScanner

ایک جگہ تو ہم سب گر گئے تھے اور سب سے زیادہ مجھے بہت چوٹ آئی تھی جس کے زخم کے نشان آج بھی میری ٹانگ پر ہیں اور سب سے پہلے اٹھ کر اپنی position پر جانے والا بھی میں ہی تھا۔ تاکہ میرے ساتھ مل کر کام کرنے والوں کو جذبہ ملے

☆ اچھا کمانڈر وہ ہے جو دماغ سے سوچے اور دوسروں کو جذبہ دے۔

☆ اس میں ضروری نہیں آپ کا ٹاسک complete ہو صرف یہ دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ

1۔ کمانڈنگ صلاحیت کتنی ہے۔

2۔ کمانڈر مل کر کام کرنے کا جذبہ رکھتا ہے۔

3۔ کمانڈر مل کر آپ کے تیور کیا ہوتے ہیں۔

File C:\Documents and Settings\... not found

4۔ آپ confuse تو نہیں ہیں۔

5۔ آپ کتنے بہادر اور خود اعتماد ہیں۔

☆ اگر مقررہ وقت میں آپ کا ٹاسک complete ہو گیا تو Well & Good نہ ہو تو confuse نہیں ہونا اور پھر آخر میں فوراً سامان کو اپنی جگہ پر لے جانا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## انٹرویو Interview

☆ نام سے ہی ظاہر ہو رہا ہے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ Inter-View مطلب آپ کے اندر کا حلیہ اندر کا انسان جانچنا ہے۔

☆ اچھی تیاریاں پاس رکھو جو آپ کا کوئی ٹنگ نہیں ہونے دیں گی۔ لیکن وہاں ویسے بھی ٹنگ ہو جاتا ہے جب وہ سارے سخت قسم کے ذہن میں ہوتے ہیں۔ مگر خدارا کبھی Heart fail نہ کرو یا کوئی بات نہیں اگر وہاں نہ سکا تو رب کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں وہ اس سے بہتر بنا کر تمہیں کسی اور ذریعے سے دے گا۔ اس کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہوتے کیونکہ مایوسی نا شکری کفر ہے۔

مگر عزم کامیابی کا کہتا ہے 100 فی صد کامیابی ____

اور میرے پیارے دوستو ۔۔۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب آپ کے دل میں ایک واحد مددگار کی طلب ہو گی۔ جس کا نام رب العالمین ہے کوئی تعویذ دھاگہ کام نہیں آئے گا۔ یہ میں ایسے نہیں کہہ رہا Facts بتا رہا ہوں۔

جب کئی سوالوں میں

1۔ آپ کا تحمل پہلے سے چند بہتر ہوگا۔

2۔ آپ کی اپنی تیاری زبردست ہوگی۔

3۔ آپ کے لئے آپ کے والدین کی دعائیں ہر وقت آپ کا ساتھ دیں گی تو خود بخود آپ کے اندر ایک بغیر پریشانی کا سا عزم کامیابی بن جائے گا۔ جو آپ کے اندر زبردست Confidence پیدا کرے گا۔ اور آپ انٹرویو میں بجائے پریشان ہونے کے بجائے اپنے ماتھے سے پسینہ صاف کریں، آپ کہنا کچھ چاہ رہے ہوں اور زبان کچھ اور کہہ رہی ہو۔ آپ کے اپنے ہاتھ جو آپ کے قابو میں ہوتے ہیں آپ کے اپنے پاؤں جو عمومی زندگی میں آپ کے تابع ہوتے ہیں آپ خود ان کا مالک کہلواتے ہو جہاں آپ کا جی چاہے آپ استعمال کرتے ہو مگر وہاں وہ ایسے کانپ رہے ہوں گے جیسے سردی میں ایک ننھی سی بلی کا بچہ ہے۔ اور بجائے کچھ بولیں بجائے آپ اپنا آپ پیش کریں بجائے یہ ثابت کریں کہ You are best selection for force آپ اپنے ہاتھوں اور کانپتی ٹانگوں کو چھپا رہے ہوں۔ آپ مکمل اعتماد کے ساتھ بالکل Relax ہو کر بیٹھیں۔

تھوڑا سا آپ کو Beginning of interview کا ڈر ہوتا ہے کیا اگر آپ کے دماغ میں اگر پہلے سے ایک خاکہ ترتیب ہوگا تو آپ کو confuse نہیں ہونے دے گا۔

جس کمرے میں آپ کا انٹرویو ہوگا اس کے دروازے کے ایک طرف ایک کرسی ہوگی اور اس کرسی پہ بیٹھ کر اپنے بلاوے کا انتظار کرنا ہوگا۔

بلاوا اس طرح جائے گا کہ یا تو ایک Bell بجائی جائے گی یا پھر دروازے کی سائیڈ پہ ایک Zero bulb لگا ہوگا جو جلے گا۔ جس کا مطلب ہوتا ہے کہ آپ دروازہ کھول کے اندر آجائیں۔ (جب میں پہلی دفعہ انٹرویو دینے گیا تھا تو جب میں کرسی پہ بیٹھا تھا تو میرا دل بڑے زور زور سے دھڑک رہا تھا جیسے میرے دل کو کوئی اپنے ہی ہاتھوں سے اوپر نیچے کر رہا ہو، میرا دایاں ہاتھ تو کرسی کے ایک بازو پہ تھا اور دوسرا مطلب بایاں میرے دل پہ تھا مایا لگ رہا تھا جیسے یہ نکل کر بھاگ ہی نہ جائے۔ میرے سامنے بیٹھے ہوئے ایک Candidate نے دھیمی سی آواز سے پوچھا کہ کیسا محسوس کر رہے ہو تو یہ سب مجھے اس کی آواز کی بالکل سمجھ نہ آئی کہ انہوں نے کیا کہا لگتا تھا کہ اس بیچارے کی روح بھی گلے کو آئی ہوئی ہے اس کے بار بار ہو جانے والے خشک ہونٹ جنہیں اس کی زبان بار بار تر کر رہی تھی اس کا واضح ثبوت تھے۔ اور وہ اپنی کرسی پہ اتنا سمٹ کر اور کرسی سے اتنا چپک کر بیٹھا تھا کہ جیسے اسے 108 کتیر کا ٹرل یاد آگیا ہو جو کبھی بالاکوٹ یا سمر میں ہوا تھا۔)

میں بات کر رہا تھا کہ مجھے اس کی آواز سنائی نہیں دی کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ سارا قصور اس کا بھی نہیں شاید میرے کانوں میں ایک



Scanned by CamScanner

ایجاز الدہ چہرہ تھا۔ خیر مجھے اس کے اشارے سے سمجھ آئی کہ وہ پوچھ رہا ہے کہ تم کیا محسوس کر رہے ہو۔ اب کی بار زبان ہلانے کی زحمت میں نے بھی نہیں کی۔۔۔۔

بس میں نے بھی اشارے کا ہی سہارا لیا اور پہلے اپنے دائیں ہاتھ کو دل پر رکھا پھر دونوں ہاتھوں کو اوپر کیا اور پھر تھرتھرا کے نیچے۔۔۔ مطلب میرا دل اوپر نیچے دھڑک رہا ہے۔

گلفام خان جناب نے بھی نہ بولنے کی قسم کھا رکھی ہے۔ ذرا خشک ہونٹوں کو کھینچ کر مسکرائے اور اشارے ہی سے بتایا "سجناں ایتھوں کیوں روندا ایں۔۔۔ اسی وی تے تیرے نال دل گئے آں"

میرے ہم وطنوں یہ ایک کڑی حقیقت ہے کہ یہ ہر ایک کے ساتھ ایسا ہوتا ہے۔ وہ ہر طالب علم کا ایسا ہوتا ہے۔ سب نے اس سے گزرنا ہوتا ہے۔ یہ صرف آپ کے ساتھ ایسا نہیں ہوتا۔ جو آپ سے پہلے وہاں سے گزر کر گئے ان کے ساتھ ہوا ہے وہ بھی۔۔۔ اور جو آپ کے بعد آئیں گے ان کے ساتھ بھی ویسا ہوگا۔

یاد رکھیے گا کہ اگر آپ نے یہ سمجھا کہ یہ صرف میرے ساتھ ہی ہو رہا ہے، میں ہی Confuse ہوں، میرا دل ہی Jumping کر رہا ہے، میرے ہی ہونٹ خشک ہو رہے ہیں تو پھر آپ نے احساس کمتری لیتی ہے خود اعتمادی کے بجائے اور پھر آپ صرف اور صرف خالی ہاتھ لوٹو گے بالکل خالی ہاتھ سوائے اپنے سامان کے جو ساتھ لے کر گئے تھے اور ہاں تھوڑا بہت کرایہ بھی مل جائے گا آپ کو۔۔۔

مختصر وہی ہے۔۔۔ وہ جیت کر وہی آئے گا۔۔۔ کامیاب وہی ہوں گے۔۔۔ جو ان سب پہ قابو پالے ان سب کو برداشت کرے ان ساری activities کے خلاف اعلان جنگ کرے جو اس کی کامیابی کی راہ میں رکاوٹ بن جائیں گی اور اس کو خود اعتمادی نہیں حاصل ہونے دیں گی۔ جس نے بھی عقلمندی سے بہادری سے ان چیزوں پر قابو پالیا۔ میں خدا کے فضل و کرم سے دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ Recommendation Letter اپنے ہاتھوں میں لے کر آئے گا۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ

1۔ آپ کو خدا کی ذات پر مکمل یقین اور بھروسہ ہو صرف اسی کی بڑائی ہو ذہن میں صرف اسی کو اپنا مددگار و حاجت روا و مشکل کشا سمجھا جائے صرف اسی کو رازق سمجھا جائے اسی کو اپنا مالک سمجھا جائے۔

اس کا میں فائدہ بتاتا ہوں آپ کو۔۔۔ جو اس کو اپنا مددگار سمجھتا ہے وہ کبھی اس سے خالی ہاتھ نہیں لوٹتا۔ جو کوئی بھی اس رب کو اپنا مددگار و حاجت روا سمجھے گا تو پھر اس کے دماغ سے سفارش والا عنصر نکل جائے گا کہ میری سفارش نہیں شاید میں نہ سلیکٹ ہوں (یہ خیال



Scanned by CamScanner

احساس کمتری لا سکتا ہے) کہ میری سفارش نہیں مگر جب نظر کائنات کے مالک پہ ہوگی تو خدا کی قسم آپ کا کچھ نہیں بگڑے گا اور کامیاب لوٹو گے آپ۔

2۔ آپ کی تیاری بھی بہت اچھی ہونی چاہیے کیونکہ خدا کی شان ہے کہ وہ کسی کی محنت ضائع نہیں کرتا۔ اگر کوئی دوسرا آپ سے زیادہ محنت کر کے گیا ہوا ہو پھر یاد رکھیے گا میرے دوست جب رب کی صفت اوصاف کرتا ہے تو انصاف کرتا ہے پھر وہاں کا حق اسے دے گا چاہے اس کی Recomendation letter کے ڈھیر ہوں گے۔

3۔ والدین کی دعائیں ہر وقت آپ کے ساتھ ہونی چاہیے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب آپ اپنی فرمانبرداری سے ان کا دل خوش کریں۔ تاکہ ہر دعا ان کے دل سے نکلے اور آپ آسمان کی بلندیوں کو چھوتے نظر آئیں۔

اب آپ کو میں انٹرویو کی کچھ خاص Tips دینے سے پہلے یہ بھی بتا دوں کہ میری ناکامی کی سب سے بڑی وجہ خدا کی ذات پر مکمل بھروسے کا نہ ہونا اور کسی حد تک صحیح معنوں میں تیاری کر کے نہ جانا تھا۔ اس کی تفصیل آخر میں بتاؤں گا۔

اب کچھ Tips پوائنٹس کی صورت میں لکھ رہا ہوں تا کہ آپ کو یاد رہیں اور آپ کامیاب ہو کر میرے دوست جو وطن کی دھڑکن پاک آرمی میں جا کر اس وطن کی قوم کی حفاظت کریں اور اس ملک کا نام روشن کریں تا کہ میرے دل کو بھی تسکین ملے کہ جو میرا مقصد تھا وہ میرے ہاتھوں نہ سہی کسی اور کے ہاتھوں تو پورا ہوا۔

1۔ دائیں ہاتھ سے جذبے کے ساتھ دروازہ کھولیں اور اندر داخل ہونے سے پہلے ڈپٹی پریذیڈنٹ (جو آپ کا انٹرویو لے گا) کو آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بہادری کے ساتھ پوچھیں May I come in sir?

جب تک Yes نہ کہا جائے اندر نہیں جانا اور اسی حالت میں وہیں کھڑے رہنا ہے۔

یہاں پہ آپ کو ایک اور بات بتا دوں جو کہ شاید نہ آپ کسی بھی کتاب سے، نہ ہی کسی کلاس سے اور نہ ہی کسی ماسٹر اکیڈمی سے سمجھیں۔ وہ یہ کہ بعض اوقات (میں کہہ رہا ہوں بعض اوقات نہ کہ اکثر، مطلب بہت کم) ایسا ہوتا ہے کہ جب آپ کہتے ہو May I come in sir تو وہ انٹرویو لینے والا Dupty President آپ کو کوئی بھی جواب نہیں دیتا اور آپ سمجھتے ہو کہ شاید میں اتنا کم آواز میں بولا ہوں کہ اس نے میری آواز نہیں سنی اور آپ دوبارہ کہہ دیتے ہو May I come in sir تو پھر اس نے یہ فیصلہ لینا ہوتی ہے کہ کیا اب تمہیں کمرے میں come in کروانا ہے۔ کیونکہ میرے خیال میں اس سے دو چیزیں ظاہر ہوتی ہیں۔ (1) آپ احساس کمتری کا شکار ہو (2) آپ جلد باز ہو۔ اور ان دونوں شخصیات کی آرمی میں کوئی جگہ نہیں۔

اس لیے بعض اوقات وہ آپ کی شخصیت کو پرکھنے کے لیے ڈپٹی پریذیڈنٹ کچھ لمحے جواب نہیں دیتا۔ میں نے تقریباً 30 سیکنڈ ڈپٹی



Scanned by CamScanner

پریذیڈنٹ کے جواب کا انتظار کیا۔ میرا دل کہہ رہا تھا کہ میں دوبارہ پوچھوں لیکن پتا نہیں ہمت ہی نہیں جو مجھے اندر میں Research کرتے ہوئے پتہ چلا کہ دوسرا Positive Point تھا۔

پھر 30 سیکنڈ کے بعد ڈپٹی پریذیڈنٹ نے سر اٹھایا اور مسکراتے ہوئے کہنے لگا بلال صفدر۔۔۔! پلیز آجاؤ

آپ کو یہ مشورہ ہو گا میرا کہ پہلے ہی تیق Bold مثالی اور بجلی کڑکتی آواز میں کہیے May I come in sir کہ آپ کو یقین ہو جائے کہ اس کو آواز پہنچ چکی ہے۔

2۔ جب ڈپٹی پریذیڈنٹ آپ کو کہہ دے کہ Yes تو جواب میں کہنا ہے Thank You sir اور اندر داخل ہو جانا ہے۔

3۔ اندر داخل ہوتے ہی دروازہ ہاتھ پیچھے کر کے صحیح طریقے کے ساتھ بند کرنا ہے۔ نہ اتنا آہستہ بند کرنا ہے کہ آپ کے ڈپٹی پریذیڈنٹ کو لگے ہاں کہ آپ اندر آنے سے ڈرے ہوئے ہیں اور نہ اتنے زور و شور سے کہ ڈپٹی پریذیڈنٹ ہی ڈر جائے۔

4۔ دروازہ بند کرتے وقت اس بات کو خاص خیال رکھا جائے کہ آپ مکمل اندر داخل ہو چکے ہیں ایسا نہ ہو کہ دروازہ بند کرتے وقت اس کا نیچے والا حصہ آپ کے ٹخنوں سے ٹکرائے۔ بعض اوقات confussion میں ایسا ہو جاتا ہے۔

5۔ دروازہ بند کرنے کے بعد اسے کہنا ہے۔۔۔ السلام و علیکم

6۔ اور کرسی کے پاس جا کر کھڑے ہو جانا ہے۔ اگر وہ آپ سے ہاتھ ملانے کے لئے ہاتھ آگے بڑھائے تو فوراً اس سے ہاتھ ملانا ہے۔

آپ کے ہاتھ میں ایسی کمزوری نہ ہو کہ لگے آپ نے اپنا ہاتھ اپنے جسم سے کاٹ کر اس کے حوالے کر دیا اور پھر اس کو دیتے ہوئے ہاتھ ہلاتے ہوئے آپ کو اس بات کی امید نہ ہو کہ اب مجھے میرا ہاتھ واپس ملے گا۔

نہیں بالکل بھی نہیں۔۔۔ اسے پتہ چلنا چاہیے کہ میں نے کسی شیر کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ ڈالا ہے جس سے آپ کی بہادری، قوت، خود اعتمادی اور ہمت و جذبہ ظاہر ہو گا۔

اور اس کے ہاتھ چھوڑتے ہی اپنا ہاتھ چھوڑ کر واپس لے آنا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ ہاتھ ملا کر بیٹھ بھی جائے اور آپ کا ہاتھ وہیں لٹکا رہے۔ اور وہ منظر پیش کریں جب کسی سچے عاشق کی مجبور محبوبہ سے صدیوں بعد ملی ہو اور عاشق کو جاتے جاتے آنسوؤں بھرا ہاتھ ملا رہی ہو اور عاشق ساکت ہو جائے اور اس لمحے پر یقین ہی نہ کرے۔

بلکہ فوراً Active ہو کر Bold ہو کر ہاتھ پیچھے کرنا ہے۔

7۔ ہاتھ ملانے کے بعد کرسی کے پاس کھڑے ہو جانا ہے جو بالکل آپ کے قریب ہو گی۔



Scanned by CamScanner

8۔ جب تک وہ کہے بیٹھ جائیں/Have a seat please تو Thank You کہہ کر بیٹھ جانا ہے۔

9۔ پوری کرسی استعمال کریں۔ نہ کہ اس کرسی کے فرنٹ والے حصے پر ہو کر بیٹھ جائیں۔

10۔ بالکل سیدھا اور مکمل طریقے سے بیٹھو اور اپنی کہنیوں کو کرسی کے بازوؤں پر رکھتے ہوئے ہاتھوں کو ملاؤ۔

11۔ بیٹھے بیٹھے ہاتھوں یا ٹانگوں کو ہلانے، ہونٹوں پر بار بار زبان مارنے اور آنکھیں بار بار بند کرنے سے مکمل گریز کریں اور ہاں ماتھے پر سلوٹیں نہیں لانی۔

12۔ آپ سے پوچھنا شروع کر دے گا۔ جو پوچھے اس کا مکمل جواب دو مثال کے طور پر۔

وہ پوچھتا ہے آپ کا نام کیا ہے۔

آپ کہتے ہو بلال۔۔۔ مگر آپ کا پورا نام جو آپ کے شناختی کارڈ پر ہے DMC پر ہے وہ بلال مقصود ہے تو پھر آپ کا جواب ادھورا ہوگا جو کہ اچھا Impression نہیں دے گا۔ اس لئے جواب پورا ہونا چاہیے۔ بلال مقصود

اسی طرح اگر وہ آپ سے FA/Fsc کے یا کسی بھی کلاس کے نمبر پوچھتا ہے تو صرف نمبر بتانے ہیں نہ کہ نمبر کی جگہ Percentage آپ بتا دیں یا پھر دونوں۔ جب Percentage پوچھے تو پھر صرف وہ بتاؤ نہ کہ نمبر اس طرح آپ کا جواب پورا ہوگا۔

☆ یہ بات ذہن میں رکھنی ہے کہ جو Bio Data Form آپ سے شروع میں fill کروایا گیا تھا وہ پریذیڈنٹ کے سامنے پڑا ہوگا۔

اس لئے جو کچھ Bio Data Form میں لکھا ہے وہی منہ سے بھی بولنا ہے دونوں جگہ سچ کا استعمال کیا گیا تو آپ ناکام نہیں ہو گے۔

13۔ اس کے علاوہ آپ کے Bio Data Form کو دیکھتے ہوئے وہ آپ سے بہت کچھ پوچھے گا بالکل تحمل سے بہتر جواب دینا ہے۔

14۔ پھر آپ سے وہ کچھ اکیڈمک سوالات پوچھے گا اور پھر جنرل نالج کے۔ میں جنرل نالج کا مطالعہ پاکستان کا اسلامیات اور کچھ اکیڈمک کے بہترین نوٹس Provide کر رہا ہوں۔ جو اس حصے کے آخر میں آپ کو ملیں گے۔

جو آگے آپ کو اس کا جواب بہادری کے ساتھ بالکل صاف آواز میں بولنا ہے اور اگر نہیں آتا تو کچھ لمحے کے لئے سوچ کر sorry Sir میں جواب دیں۔



Scanned by CamScanner

اب آپ کے دماغ میں ہو کہ بلال محمود نے کہا تھا سوچنا ہے اور آپ سوچتے ہی بیٹھ جائیں۔۔۔

میرے بھائی اتنی سوچ میں نہ پڑ جانا ہے کہ ایسا لگے کہ آپ کشمیر کو فتح کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہو اور پھر مجبوراً ان کو پریذیڈنٹ کو بولنا پڑ جائے۔

اس لئے وہاں ہوشیاری اور عقلمندی سے۔۔۔ بس نہیں آتا تو کچھ لمحات سوچ کر جواب دیں Sorry Sir

15۔ کچھ سوالات ایسے مشکل ہوتے ہیں کہ آپ جواب نہیں دے پاتے۔ وہ صرف اور صرف آپ کو confuse کرنے کے لئے کہ جب آپ کو جواب نہیں آیا تو آپ کتنی حد دلی اور ذہنی ہیجان میں جاتے ہو۔ اگر آپ تھوڑے پریشان ہوئے۔۔۔ آپ سے اس سے مشکل۔۔۔ پھر اس سے مشکل پوچھا جائے گا۔ سوال سے پریشان یا confuse ہونے سے بچیں مگر اس ان کی ہوگی۔

16۔ مثال کے طور پر وہ پوچھتا ہے۔۔۔

بتاؤ امریکہ میں کتنے قصبے ہیں امریکہ کا کتنا رقبہ ہے؟

اب سوچنے کی بات ہے ہمیں یہ تو نہیں پتہ کہ پاکستان کے کتنے قصبے ہیں تو امریکہ کا کیا پتہ ہوگا۔

ان کو پتہ ہوتا ہے کہ candidate اس کا جواب نہیں دے سکتا مگر وہ confuse کرنے کے لئے پوچھتے ہیں۔

17۔ میرا خیال ہے اگر آپ وہاں ہمت ہار گئے تو پھر آسان سوالات کے جوابات جو آپ کو آتے ہیں وہ بھی confussion کی وجہ سے بھول جائیں گے اور پھر بعد میں آپ کو پچھتاوے کے سوا کچھ نہ ملے گا۔

18۔ وہ آپ سے پھر کچھ Sexual Question پوچھیں گے جن کا جواب آپ بالکل تحمل برداشت کے ساتھ اور Positive Sence میں دیں۔ اس قسم کے کچھ سوالات میں ایک page چھوڑ رہا ہوں تاکہ وہاں آپ کو اس قسم کے سوالات کا confidence اور مزے کے ساتھ جواب دے سکو اور وقت سے پہلے آپ کے پاس ایک possitive اور impressive جواب تیار ہو۔

19۔ چہرے پر مسکراہٹ سجاتے ہوئے اندر داخل ہوں اور مسکراہٹ سجاتے واپس جائیں۔

20۔ بالکل صاف آواز، مناسب اور اونچی آواز اور Boldness کے ساتھ جواب دیں۔ اور اس سے پہلے ان کے سوالات کو غور سے سنیں۔

21۔ آخر میں یا درمیان میں وہ آپ سے ضرور پوچھیں گے۔

i۔ آرمی میں یا کسی فورس میں کیوں آنا چاہتے ہو۔



Scanned by CamScanner

۳۔ نہ سلیکٹ ہوئے تو کیا کرو گے

۳۔ غصہ آتا ہے

۳۔ جھوٹ بولتے ہو۔۔۔وغیرہ وغیرہ

ان کے جوابات ذہن میں رکھ کے جانا اور اس بات کو اس حقیقت سمجھ کر ذہن میں ڈال دیں کہ ہر شخص کو غصہ آتا ہے اور جسے غصہ نہیں آتا وہ انسان ہی نہیں۔۔۔ جانور ہے۔۔۔ سو ہاں یہ نہ کہہ دینا کہ نہیں۔۔۔ نہیں۔۔۔ مجھے تو غصہ نہیں آتا۔

22۔ آخر میں وہ آپ کو کہے گا

Ok wish you best of luck. آپ نے Thank You کہتے ہوئے کھڑے ہو جانا ہے اور اگر وہ ہاتھ ملائے تو ملا کر خدا حافظ کہہ کر باہر آ جانا ہے۔

23۔ دروازہ آرام سے کھولنا ہے اور پھر اسی طرح آرام سے بند کر کے جانا ہے۔

۔۔۔۔۔۔ میں نے اتنا کچھ انٹرویو کے پاس لئے لکھ ڈالا کہ یہ آپ کی سلیکشن میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔۔۔۔۔۔

اور ISSB میں انٹرویو کی بہت بڑی اہمیت ہے کیونکہ اب وہ آپ کی بول چال آپ کا Structure آپ کا attitude اور آپ کا manners اور اس کے علاوہ بہت کچھ اور اسے بیٹھ کر چیک کرتے ہیں۔

**** اور میری ناکامی کی تین وجوہات میں سے دو وجوہات انٹرویو میں تھیں۔

اس کی تفصیل آخری صفحے پر لکھوں گا۔۔۔ مگر صرف اتنا دوں کہ میں نے Written Test میں جو لکھا تھا انٹرویو میں اس کے برعکس بول گیا۔

مختصراً۔۔۔ جتنے اچھے طریقے سے ہو سکے انٹرویو کو دیں بالکل صاف ستھرے کپڑے پہن کر جائیں اور بالوں کے لئے بالکل سیدھے ہوئے لگو بلکہ Decent سے۔۔۔ ایسے بالکل نہیں کہ آپ شوبازے لگو اور ایسے بھی نہیں کہ آپ مفلس لگو۔

اور ہاں۔۔۔ یہ فیشن وغیرہ جوش سے نہیں ہوش سے نکلنا۔۔۔ میں تو کہوں گا ایسے Decent کپڑے اور جوتے پہن کر جائیں جو کہ دو چار بار آپ پہلے بھی پہن چکے ہوں تا کہ وہاں پہنچتے ہوئے آپ کو کچھ عجیب سا نہ لگے۔

اگر آپ confidence رہے، bold ہے، Decent ہے، اچھی تیاری اور والدین کی دعائیں لے کے گئے۔ ملک قوم کے لئے اچھے جذبے ہے کہ گئے تو انشاء اللہ مجھے اس چٹان کا سا یقین ہے کہ آپ کامیابی اپنے ہاتھ میں لے کر آؤ گے۔

نوٹ: میں تمام انٹرویو سے منسلک جنرل نالج مطالعہ پاکستان جنرل اسلامیات نوٹس اور کچھ گائیڈنگ نوٹس کے ساتھ ساتھ آپ کو وہ

لاہانی سٹیشنری اینڈ فوٹو اسٹیٹ سنٹر گرلز اینڈ بوائز ڈگری کالج نمبر 1 اٹک روڈ ایبٹ آباد۔۔۔ بلال محمود نوٹس

Scanned by CamScanner

تمام مواد سے مدد ملا ہوں جو آپ کو انٹرویو میں ضرور مدد فراہم کرے گا جو آپ کی کامیابی کا وسیلہ باعث بنے گا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## Conclussion

اللہ کی ذات پر یقین رکھ کر جائیں ISSB دیتے وقت۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آرمی کا رزق آپ کے حصے میں ہے تو آپ کا ضرور آرمی یا کسی دوسری فورس ایئر فورس انڈی فورس میں آپ کا جانا ہو گا اور یہ میرا ایمان ہے کہ دنیا کی کوئی طاقت آپ کو نہیں روک سکتی۔ یہ ISSB لینے والے بھی تو صرف اور صرف اللہ کے محتاج ہوتے ہیں ورنہ اگر خدا کی مدد و نصرت اگر نہ ہو تو اس آرمی کا نام و نشان نہ ہے۔

اس لئے ایک دفعہ اس ہستی کے ساتھ اپنا ناطہ جوڑ دے گا جس کے قبضے میں صرف ISSB ہی نہیں بلکہ ساری کائنات اور پھر اس کا نظام اس کے ہاتھ میں ہے۔

جس بندے کا ناطہ اللہ لا شریک میرے رب جذب کے ساتھ ہوگا تو وہ کبھی اپنے محبوب بندے کو مایوس نہیں کرے گا۔ بلکہ اپنے بندے کے بارے میں وہ فیصلہ کرے گا جو اس کے لئے بہترین ہوگا۔

اب آپ یہ سمجھو کہ یہ صرف مولوی ٹائپ باتیں ہیں۔ تو بے شک سمجھو۔ مگر مجھے خوشی ہوگی اگر آپ کو یہ لگو کہ یہ ایک پتھر پر لکیر کی طرح ایک اٹل حقیقت ہے۔ جس حقیقت کے بغیر زندگی میں کوئی چارہ نہیں۔

ISSB جانے سے پہلے میں نے کافی کوشش کی کہ ISSB کے بارے میں جتنی بھی معلومات ملیں میں حاصل کروں کیونکہ میرا خواب تھا آرمی جو شاید میرے بچپن سے تھا۔ جب میرے گرانڈ ماموں مجھے دیکھ کر کہا کرتے تھے "بیٹا تم نے آرمی میں جانا ہے" Army needs you اس وقت وہ کرنل تھے۔ مجھے Fsc کے بعد کا پلان آرمی کے سوا کوئی نظر نہیں آتا تھا۔ بن جانے، بن پڑھے اور بن کسی خاص تیاری کے مجھے 100% یقین تھا اور میں confident تھا کہ میں آرمی میں جانا ہے تو صرف اور صرف آرمی میں۔ اور پھر مجھ سے زیادہ میرے والد محترم کو شوق تھا کہ میں آرمی میں جاؤں۔

اس شوق و جذبہ کو برقرار رکھتے ہوئے اور دیکھتے ہوئے میں نے 2nd Year کے Exam کے فوراً بعد رزلٹ سے پہلے Surety Certificate کی میں نے بن گھر میں بتائے اپلائی کر دیا۔

124 PMA Long Course میں۔ جس دن میرا Initial Test تھا اس سے ایک روز پہلے والدین سے اجازت لی کہ کل راولپنڈی میرا NTS کا ٹیسٹ ہے۔ اب یہ جھوٹ اس لئے تھا کہ میرے ابو کو بہت شوق تھا کہ میں آرمی میں جاؤں مگر مجھے ڈر تھا کہ اگر میں پاس نہ ہو سکا تو شاید ابو جان کو بہت دکھ پہنچے گا اس لئے مجھے ابھی نہیں بتانا چاہیے۔ خیر ایک کزن کے ہاں جو منسٹری آف

ڈیفنس میں گھر سے بھی ادھر ادھر ہی رکھا کیونکہ اس نے پھر گھر بتا دیا تھا کہ آرمی ٹیسٹ دینے آیا ہے مختصراً رب کا شکر کہ اس نے کامیاب کیا اور میڈیکل دے کر گھر آیا۔ اس کامیابی کی خوشی جب گھر سنائی تو ان کی آنکھوں میں چمک کی رونق کو میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔

مختصراً ISSB کی کال آئی تو بنا تیاری کے صرف Enjoyment کے لئے گیا اور پرکھنے کے وہاں کیا کیا try ہے۔ کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ اس کے علاوہ میرے پاس ایک اور چانس بھی ہے اور یہ بات میں نے ڈپٹی پریذیڈنٹ کے منہ پر بھی کہنے کی ایک ناکام سی کوشش کر دی تھی۔ مختصراً جب نیت ہی کامیاب ہونے کی نہیں تھی تو کیسے ہو پاتا۔

مگر اس کے بعد میں نے معلومات حاصل کرنا شروع کر دیں بس ہر اس شخص کے پاس جاتا جو چاہے کامیاب ہوا ہو یا ناکام۔ کیونکہ کامیاب فرد سے مجھے جو ٹپس ملی اور رہنمائی ملی تھی اور ناکام سے غلطیوں پہ قابو پانے اور آگے نکلنے کا جذبہ۔ میں بہت سے آرمی آفیسرز سے بھی ملا چاہے وہ گلی کے تھے یا آؤٹ آف گلی تاکہ میں جان سکوں ISSB کیا ہے اور کوشش کی کہ اس پہ حاوی رہوں۔

مختصراً والدین کے ساتھ میں جس سے بھی ملا خاص کر جن جن آرمی آفیسرز کو سب نے کہا ایک ہی جذبہ ہے اس ملک و قوم کی بھلائی کا اور آرمی سے چاہت کا تو تم بھی ناکام نہیں لوٹ سکتے۔

دعائیں لے کر گھر سے رخصت ہوا تھا ٹیسٹ اچھے ہوئے اور اب میں ان ڈارک پوائنٹس اپنی غلطیوں پہ جانا چاہتا ہوں۔

ایک اور بات آپ کی نظر کہ جو شخص ISSB میں صرف دن پورے کر کے آتا ہے اسے معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کس وجہ کی بناء پر کامیابی نہیں حاصل کر سکا مگر جو شخص ISSB دے کے آتا ہے اور پھر بدقسمتی سے ناکام ہو جائے تو اس معلوم ہوتا ہے کہ کن غلطیوں نے اسے اپنی منزل سے دور رکھا۔

میں نے پہلے بھی شاید کہیں لکھا تھا کہ مجھے اپنی تین اہم غلطیاں لگیں جو مجھے میرے بچپن کے خواب سے کوسوں دور لے گئیں۔

1۔ Group Discussion اور خاص کر رائٹنگ ٹیسٹ کے سامنے میری پرفارمنس بہت بہتر رہی بس خدا کا احسان اور والدین کی دعاؤں سے بہت اچھا پرفارم کیا۔ پھر میرا انڈور گیم ٹاسک بہت اچھا ہوا۔ میں بہت مطمئن تھا اور پھر GTO نے مجھے چند باتیں ایسی کہہ دی تھیں کہ مجھے یقین ہو گیا کہ میں تو گیا سلیکٹ ہو گیا۔ اور پھر مجھے میرے Chest Fellow مجھے ٹاپ پہ لے جا رہے تھے حتی کہ جہاں بھی وہ اٹکتا تک پہنچتا GTO کہتا Chest No. 11 کو آگے کرو۔ بس مجھے مکمل یقین تھا اور میرے فیلوز بھی مجھے یہی کہتے کہ یار تم تو پار ہو۔ بس اسی چیز نے مجھے Final Group Task میں تھوڑا غافل بنا دیا۔ جس سے یہ لگا ہو رہا تھا کہ میں اب سنجیدہ نہیں ہوں حالانکہ مجھے خوشی نے غافل بنا دیا تھا۔ کیونکہ مجھے کامیابی بہت قریب نظر آ رہی تھی اور یہ اس خواب کی تعبیر



Scanned by CamScanner

ہونے جا رہی تھی جو میں نے نہیں کی بلکہ میرے سارے جہان نے بھی میرے بچپن سے ہی پیار کیا تھا۔ مگر میرے شکار پری رویے سے ایسے لگا کہ شاید میں کامیابی deserve نہیں کرتا۔ یہ میری ناکامی کا سب سے بڑا سبب تھا۔

اصل میں میرے ساتھ ایسا پہلے بھی ہو چکا تھا جب میں نے راولپنڈی initial interview دیا تھا۔ انٹرویور نے کوئی سوال پوچھا نہ کچھ صرف اس نے اور ساتھ ایک سائیکالوجسٹ بیٹھی تھی دو چار باتیں کیں اور کہا I am Selecting You جب رزلٹ سنایا گیا تو واقعی میں کامیاب تھا۔ اسی طرح یہاں بھی میں GTO کے الفاظ کو سوار کر گیا۔

سو آپ سے التجا ہو گی کہ کسی بھی مقام پر over confident نہیں ہونا ورنہ ناکامی مقدر ہو گی۔

2۔ میں نے نفسیاتی ٹیسٹ میں لکھا تھا کہ میں اس ملک و قوم کے لئے کچھ کرنا چاہتا ہوں حتیٰ کہ جان تک نچھاور کرنے کو تیار ہوں۔ جب انٹرویور نے مجھ سے پوچھا کہ اگر آپ کو ٹریننگ کے دوران کہا جائے داڑھی کٹوا دو تو کیا کٹوا دو گے تو میں جذباتی ہو گیا "مگر میں کبھی نہیں، میں نے شوق سے بلکہ بہت شوق سے رکھی ہے۔ سو میں نہیں کٹواؤں گا۔ انٹرویور نے کہا جتنا سوچ لو تو میرا جواب تھا "سر میں جو بولتا ہوں سوچ کے بولتا ہوں"

میرا جذبہ تو اس ملک و قوم کے لئے سب کچھ نچھاور کرنے کا تھا اور ہے اور میں تو یہاں تک کہتا ہوں کہ اگر میرے جسم میں صرف ایک خون کا قطرہ ہو اور وہ میرے اس ملک و قوم کو چاہیے ہو تو وہ بھی میں اس ملک کے نام کروں گا۔ اس کا اندازہ شاید آپ کو میری لکھی ایک نظم سے ہو جائے بلکہ میں اس نظم کو ان صفحات میں شامل کر دیتا ہوں تا کہ وہ آپ کے جذبات کی بھی ترجمانی کرے۔

مگر انٹرویور کے سامنے میری زبان پھسل گئی اور ناکامی کا باعث بن گئی۔

3 انہوں نے (انٹرویور نے) یہ پوچھا کہ کیا آپ جھوٹ بولتے ہو اور یہ سوال تقریباً سب سے پوچھا جاتا ہے۔ میں نے جواب میں کہا کبھی نہیں مجھے بہت نفرت ہے جھوٹ سے۔ ساتھ ہی انہوں نے پوچھ لیا کہ کیا آپ کو غصہ آتا ہے۔ تو میری زبان پہ وہی رٹی رٹائی رٹ تھی۔ نہیں مجھے غصہ نہیں آتا حالانکہ دنیا میں کوئی شخص نہیں جسے غصہ نہ آتا ہو اور مجھے بھی آتا ہے۔ شاید میری سب سے بڑی کمزوری مجھے غصہ بہت آتا ہے۔ مگر زبان نے ساتھ نہ دیا بلکہ یہ کہوں کہ سوچ کے نہ بول سکا۔

یہ تو اب اٹل حقیقت ہے کہ کسی نہ کسی وجہ سے انسان کو لازماً غصہ آتا ہے۔ مثال کے طور پر مجھے ایمانداری اور دیانتداری بہت اچھی لگتی ہے اور میری خواہش رہتی ہے کہ میرے وطن کا ہر فرد سچا کھرا اور مخلص ہو، دوسروں کے کام آنے والا ہو اور ایماندار ہو مگر جب میرے سامنے کوئی بے ایمانی کرے یا مجھے چکر کرتا نظر آئے تو مجھے بہت غصہ آتا ہے۔ سوچ کر بولنے کے ساتھ ساتھ دماغ کو حاضر رکھ کے جواب دینا آپ کا کام ہے۔



Scanned by CamScanner

بہر حال میری زندگی کی پہلی اور سب سے بڑی ناکامی تھی جس نے میرے خوابوں کو مسمار کیا۔ مگر میرے بھائی اچھا افسر وہ ہے جو دماغ سے سوچتا اور دوسروں کو تجزیہ دے جبکہ سپاہی دماغ سے نہیں دل سے سوچتا ہے۔

اس کے بعد پھر میری خواہش بنی کہ میرے وطن کا ہر دو ماہ ہو۔۔۔ وہ محب وطن جو فورسز کو جوائن کرنے کا عزم رکھتا ہے۔ میں اسے آگاہی دوں گا۔ کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ جیسا آرمی میرا ایک خواب تھا اسی طرح باقی جانے والوں کا ایک پرعزم اور خواب ہوگا میری خواہش ہوتی ہے کہ یہ خواب کبھی بھی نہ ٹوٹے کیونکہ مجھے اس کا اندازہ ہے کہ جب خواب ٹوٹتے ہیں تو انسان کو کتنا بکھیرتے ہیں۔ اب میں اپنی خواہش میں کس حد تک کامیاب ہوتا ہوں یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔

اگر آپ سچے اور کھرے انسان ہو اور آپ اس ملک و قوم کیلئے کچھ کرنے کا عزم رکھتے ہو تو ISSB کلیئر کرنا ایک معمولی سی بات ہے ایمانداری اور دیانت داری کرنا سیکھو دوسروں کے کام آؤ دوسروں کے چہروں پر دکھ لانے کی بجائے خوشیاں لاؤ اپنے والدین سے عشق کرو اپنے آپ کو ایک عظیم انسان بناؤ اور پھر سب سے ہٹ کر سب سے بڑھ کر اپنے سوچ جذبے کے اوپر سسکیاں بھر کر مانگو اور رو رو کر ساری کائنات کے مالک سے مانگو پھر یہ ISSB آپ کے قدم چومے گی۔

کام کرنے کیلئے آپ کو آگے بڑھنا ہوگا وہاں ISSB میں اکڑ خانی بالکل نہیں کرنی بلکہ ذمہ داری کے احساس کے ساتھ کام کرنا اور اپنا آپ پیش کرنا ہے اور یہ ثابت کرنا ہے کہ you are the best selection for Army وہاں پر کسی بھی مقام پر Depress نہیں ہونا کم ظرف اور جذباتی اور کمزور لوگ ہمت ہار جاتے ہیں اسلئے ہر لمحہ کو ذمہ داری اور تحمل کے ساتھ لینا ہے

بہادر بننا سیکھو نڈر بنو اور خاص کر ISSB میں ہر لمحہ سنجیدگی اور Boldness پیش کریں۔ اب موت تو برحق ہے ایک دن ضرور آئے گی۔ اگر آپ کے ایک طرف سو جانیں ہوئی ہیں اور دوسری طرف ایک جان مگر جب موت آئی تو ان کے درمیان سے بھی آپ کو کھینچ کے لے جائے گی کیونکہ موت کا ایک وقت مقرر ہے جس کا ظاہری ایک بہانہ بن جاتا ہے ٹیپو نے کیا کہا تھا "ذلت کی زندگی سے عزت کی موت اچھی یا گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک سالہ زندگی بہتر ہے" سو ہمت، بہادری والی اور نڈر زندگی گزارو۔

بس خوب محنت کریں خدا پر بھروسا کریں ہار جیت کے خوف کو دل سے نکال کر اور والدین کے قدموں میں گر کر دعائیں لے کر جائیں، میرا ایمان کہتا ہے کہ آپ کیلئے آپ کے والدین کے دل سے آنسوؤں اور سسکیوں بھری دعائیں جس بلندی تک آپ کو لے جا سکتی ہیں خدا کی قسم میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔

اگر آپ پانچ وقتوں میں نماز قائم کرتے ہو خلوص کے ساتھ تو آپ کی آدھی ISSB کلیئر ہے یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔

اگر خدانخواستہ آپ کامیاب نہیں ہو سکے تو یاد رکھنا بس یہ خدا کی مرضی تھی اور خدا آپ کو دوسرے بھی کسی بہتر جگہ پر بھیجنا چاہتا ہے۔

لالہ لائی سیشری ایڈ فوٹو اسٹیٹ نزد گورنمنٹ ڈگری کالج نمبر 1 ٹانک روڈ ڈیرہ اسماعیل خان۔۔۔ بلال محمود خان